بلدیاتی انتخابات میں کامیابی کے بعد مسائل کے حل کیلئے پہلی سطح پر کوشش کریں گے صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ میں اپنے علاقے کے عوام بلا تفریق خدمت پر یقین رکھتا ہوں اور آج تک میں نے یہ نہیں سوچا کہ کس نے ووٹ دیا یا نہیں بلکہ میں میرٹ کے مطابق اور عوام کے جو مسائل ہیں ان کے حل پر یقین رکھتا ہوں علاقے کے عوام کے لئے میرے دروازے ہمیشہ کے لیے کھلے ہیں جو بھی مسائل ہو......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

جو میرے دسترس کے اندر ہو ان کو حل کرنے پر مکمل توجہ دوں گا" یہ بات انہوں نے ایم پی اے ہاسٹل میں قبائلی رہنما ملک جوہر خان کاکڑ کی قیادت میں ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ملک جوہر خان نے صوبائی وزیر کا فریم میں بند فوٹو کا ایک خوبصورت تحفہ بھی پیش کیا جس پر صوبائی وزیر نے ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مجھے علاقے میں مخلص لوگوں کی ضرورت ہے

INTEKHAB QUETTA

## وفاقی حکومت گوادر کے مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل فراہم کرے گی، احسن اقبال

وفاقی وزیر منصوبہ بندی کی زیر صدارت گوادر میں پانی و بجلی کے حوالے سے اجلاس، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن کی ویڈیو لنک شرکت

سولر پلانٹ کے قیام کی تجاویز پر غور، پانی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے تمام متعلقہ ادارے مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں، حکام کو ہدایت

گوادر (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں گوادر میں پانی اور بجلی کے جاری اور آئندہ مجوزہ ترقیاتی منصوبوں، خصوصاً پانی کی فراہمی اور بجلی کے نظام سے متعلق تفصیلی بریفنگ پیش کی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ شہر میں پانی کی قلت کے حل کے لیے بقیہ نمبر 82 صفحہ 5 پر

شادی کور ڈیم، میرانی ڈیم اور ڈی سیلینیشن پلانٹ سے روزانہ تقریباً تین گیلن پانی حاصل ہو رہا ہے۔ پانی کی فراہمی کے نظام کو مزید مضبوط بنانے پر کام جاری ہے۔ وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ پانی کی مستقل اور بلاتعطل فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ بجلی کے شعبے سے متعلق اجلاس میں گوادر میں سولر پاور پلانٹ کے قیام کی تجاویز کا جائزہ لیا گیا تاکہ گھریلو و صنعتی صارفین کو قابل اعتماد اور پائیدار بجلی فراہم کی جاسکے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ گوادر پاکستان کا مستقبل کا اقتصادی مرکز ہے اور یہاں پانی و بجلی کی مسلسل فراہمی قومی ترقی کا اہم تقاضا ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ وفاقی حکومت گوادر کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے تمام ممکنہ وسائل فراہم کرے گی۔

## کراچی سے چمن شاہراہ پاکستان ایکسپریس وے کا تعمیراتی کام شروع ہو گیا، وزیر مواصلات

خضدار سے مستونگ تک این 25 پر بھی کام جاری، 8 سو کلومیٹر طویل شاہراہ کی تکمیل بلوچستان میں بڑا بریک تھرو ہوگا، عبدالعلیم خان

بلوچستان کی دیگر شاہراہوں کو بھی جلد مکمل کرنے کی ہدایت، چیئرمین این ایچ اے نے صوبے میں منصوبوں کیلئے سیکورٹی و دیگر امور پر بریفنگ دی

اسلام آباد (انتخاب نیوز) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت این ایچ اے کا اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جس میں بتایا گیا کہ بلوچستان میں پاکستان ایکسپریس وے کی 800 کلومیٹر طویل شاہراہ پر تعمیراتی کام شروع ہو گیا وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم نے اسی شاہراہ کی تعمیر کا اس سال اعلان کیا تھا بلوچستان میں ایکسپریس شاہراہوں کی تعمیر کا مکمل ہونا انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا، خضدار سے مستونگ تک بھی این 25 شاہراہ پر بھی کام جاری ہے۔ انہوں بقیہ نمبر 69 صفحہ 5 پر

نے کہا کہ بلوچستان میں پاکستان ایکسپریس وے کی تکمیل بڑا بریک تھرو ہوگا اجلاس میں گوادر، تربت، ژوب، ڈی آئی خان اور دیگر شاہراہوں کے امور پر بھی غور و خوض کیا گیا، وفاقی وزیر مواصلات نے بلوچستان کی دیگر شاہراہوں کو بھی جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر کیلئے سیکورٹی اور دیگر امور پر بھی گفتگو کی گئی چیئرمین این ایچ اے [illegible] نے وفاقی وزیر مواصلات کو بلوچستان کے منصوبوں پر بریفنگ دی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 05 DEC 2025 Page No. 13

# حلقہ انتخاب کی ترقی اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اولین ترجیح ہے، فیصل جمالی

## اوستہ محمد اور گنداخہ میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو ریلیف ملے گا، ترقی کا سفر تسلسل کے ساتھ جاری ہے، صوبائی وزیر

**عوام سے کیے گئے انتخابی وعدوں پر عمل درآمد کیا جائے گا، لوگوں کو مایوس نہیں کریں گے، بلاتفریق خدمت ہماری سیاست کا محور ہے، گفتگو**

اوستہ محمد (آئی این پی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ اوستہ محمد اور گنداخہ کے عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل ان کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں تمام ترقیاتی منصوبوں کو تیزی کے ساتھ آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ اپنی رہائشگاہ اوستہ محمد میں عوامی وفد سے ملاقات کے دوران انہوں نے کہا کہ عوام نے ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ اسے اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں اور ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں کہ لوگوں کی توقعات پر پورا اتریں صوبائی وزیر نے بتایا کہ محکمہ لائیو اسٹاک کی بہتری، مویشی پالنے والے افراد کی معاونت، ویکسینیشن مہمات کی توسیع اور دیہی علاقوں میں سہولیات

بقیہ نمبر 34 صفحہ 5 پر

کی فراہمی کے لیے جامع منصوبہ بندی مرتب کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں کی بہتری، پانی کی فراہمی، صحت اور تعلیم کے منصوبوں سمیت کئی ترقیاتی کام جلد تکمیل کے مراحل میں داخل ہو جائیں گے۔ سردار زادہ فیصل جمالی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے کی مجموعی ترقی، روزگار کے مواقع میں اضافہ اور عوامی فلاح ان کے مشن کا حصہ ہیں اور وہ اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے رہیں گے۔ انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ ہے اور ترقی کا یہ سفر تسلسل کے ساتھ جاری رہے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 05 DEC 2025

Page No. 14

# معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

## سہولیات کو پورا کرنے اور شیلٹر لیس سکولوں کی عمارتوں کی تعمیر کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کئے جارہے ہیں

### سکولوں میں ٹرانسپورٹ پروگرام کا آغاز کیا، صوبہ بھر کیلئے 142 بسیں فراہم کی جارہی ہیں، شکیل قادر کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت معیاری تعلیم کی فراہمی کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے سکولوں میں مسنگ سہولیات کو پورا کرنے اور شیلٹر لیس سکولوں کی عمارتوں کی تعمیر کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔

........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

اور فلیگ شپ پروجیکٹس کے تحت 200 شیلٹر لیس سکولوں کی عمارتوں کی تعمیر کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے یہ کاوشیں صوبے بھر میں تعلیمی بحران کو کم کرنے، عوام کا اعتماد بحال کرنے اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کریں گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ تعلیم سکولز کی ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی معیار کو بہتر بنانے اور بچوں کے تعلیمی ماحول کو عصر حاضر کے تمام تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا تاکہ وہ جدید دور کی تعلیم سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے سکولوں میں ٹرانسپورٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے، جس کے تحت صوبے بھر میں طلباء کے لیے 142 بسیں فراہم کی جارہی ہیں۔ حکومت آئی ٹی اور سائنس لیبز، ہائی اور ہائر سیکنڈری اسکولوں میں جدید سائنس اور آئی ٹی لیبز قائم کرنے کے منصوبے پر کام کر رہی ہے۔ اس کے لیے اس سال 250 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں تاکہ بچوں کو عملی اور جدید تعلیم دی جاسکے، جس میں کمپیوٹر سائنس کے جدید آلات اور تحقیق کے مواقع شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سکولوں میں واش سہولیات کی فراہمی کے لیے 500 ملین روپے کے بجٹ سے پینے کے صاف پانی، ٹوائلٹس اور ہینڈ واش سٹیشنز کی تعمیر اور بحالی کی جارہی ہے، جس سے بچوں کے صحت و صفائی کے مسائل حل ہوں گے اور تعلیمی ماحول مزید محفوظ بنایا جائے گا۔ یہ اقدامات بلوچستان کے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے اور بچوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لیے کیے جا رہے ہیں، تاکہ صوبے میں شرح خواندگی اور معیار تعلیم دونوں میں نمایاں بہتری آئے۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیر انتظام 664 نئے سکولز قائم کیے گئے ہیں جس سے 43000 سے زائد بچوں کا داخلہ ممکن ہوا ہے۔

Century Express Quetta

# سکولز کیلئے ٹرانسپورٹ پروگرام کا آغاز کردیا، چیف سیکرٹری

## بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 142 بسیں فراہم کی جارہی ہیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا کہ صوبائی حکومت معیاری تعلیم کی فراہمی کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے سکولوں میں مسنگ سہولیات کو پورا کرنے اور شیلٹر لیس سکولوں کی عمارتوں کی تعمیر کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے اور فلیگ شپ پروجیکٹس کے تحت 200 شیلٹر لیس سکولوں کی عمارتوں کی تعمیر کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے یہ کاوشیں صوبے بھر میں تعلیمی بحران کو کم کرنے، عوام کا اعتماد بحال کرنے اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کریں گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ تعلیم سکولز کی ترقیاتی (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

منصوبوں کے حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی معیار کو بہتر بنانے اور بچوں کے تعلیمی ماحول کو عصر حاضر کے تمام تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا تاکہ وہ جدید دور کی تعلیم سے مستفید ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے سکولوں میں ٹرانسپورٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے، جس کے تحت صوبے بھر میں طلباء کے لیے 142 بسیں فراہم کی جا رہی ہیں۔ حکومت آئی ٹی اور سائنس لیبز، ہائی اور ہائر سیکنڈری اسکولوں میں جدید سائنس اور آئی ٹی لیبز قائم کرنے کے منصوبے پر کام کر رہی ہے۔ اس کے لیے اس سال 250 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں تاکہ بچوں کو عملی اور جدید تعلیم دی جاسکے، جس میں کمپیوٹر سائنس کے جدید آلات اور تحقیق کے مواقع شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سکولوں میں واش سہولیات کی فراہمی کے لیے 500 ملین روپے کے بجٹ سے پینے کے صاف پانی، ٹوائلٹس اور ہینڈ واش سٹیشنز کی تعمیر اور بحالی کی جارہی ہے، جس سے بچوں کے صحت و صفائی کے مسائل حل ہوں گے اور تعلیمی ماحول مزید محفوظ بنایا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: JANG QUETTA
Bullet No. 2
Dated: 05 DEC 2025 Page No. 15

# بلوچستان، بیرون ملک کالعدم تنظیموں کے 300 دہشتگردوں کی گرفتاری کیلئے انٹرپول سے رابطے کا فیص

بیرونِ ملک موجود دہشت گرد رہنماؤں کے مقامی سہولت کاروں سے روابط، کال ریکارڈنگز، مالی معاونت اور دیگر شواہد مکمل طور پر دستاویزی شکل میں موجود، عالمی عدالتوں میں مقدمات چلا

**کارروائی بھرپور اور فیصلہ کن انداز میں ہوگی، صوبائی حکومت وفاق کے تعاون سے انٹرپول کے ذریعے ریڈ نوٹسز کی کارروائی میں تیزی لائے تاکہ دہشت گرد قانون کی گرفت سے فرار نہ ہوسکیں، وزیر ا**

کوئٹہ (نمائندگان جنگ) حکومت بلوچستان نے بیرون ملک بیٹھے کالعدم تنظیموں کے سربراہان، اہم کمانڈرز اور 300 سے زائد دہشت گرد عناصر کی گرفتاری کے لیے انٹرپول کے ریڈ نوٹسز کے اجراء اور عالمی عدالتوں میں مقدمات چلانے کا فیصلہ کیا ہے یہ فیصلہ جمعرات کے روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت منعقد ہونے والے ایک غیر معمولی اور اہم نوعیت کے اعلیٰ سطح اجلاس میں کیا گیا اجلاس میں حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بیرونِ ملک موجود دہشت گرد رہنماؤں کے مقامی سہولت کاروں سے روابط، کال ریکارڈنگز، مالی معاونت اور دیگر شواہد مکمل طور پر دستاویزی شکل میں موجود ہیں اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عالمی عدالتوں میں مقدمات چلائے جائینگے، مقامی سہولت کاروں سے لے کر بیرونِ ملک بیٹھے سربراہان تک بھرپور اور فیصلہ کن انداز میں کارروائی، کالعدم بی ایل اے، بی آر اے، بی ایل ایف، یو بی اے، بی آر جی اور لشکر بلوچستان کے سربراہان اور کمانڈرز کے خلاف درج مقدمات کی پراسیکیوشن کو تیز کرتے ہوئے تمام شواہد عالمی معیار کے مطابق ریکارڈ کا حصہ بنائے جائیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ صوبائی حکومت وفاقی وزارت داخلہ اور وزارت خارجہ کے تعاون سے انٹرپول کے ذریعے ریڈ نوٹسز کی کارروائی میں تیزی لائے تاکہ دہشت گرد دنیا کے کسی بھی ملک میں قانون کی گرفت سے فرار نہ ہوسکیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی اب پروانشل ایکشن پلان کی گائیڈ لائنز کے تحت مقامی سہولت کاروں سے لے کر بیرونِ ملک بیٹھے سربراہان تک بھرپور اور فیصلہ کن انداز میں کی جائے گی انہوں نے محکمہ داخلہ بلوچستان کو ہدایت کی کہ ایکشن پلان کے تحت قائم خصوصی سیل کو مزید متحرک کیا جائے اور تمام حساس کیسز کی تحقیقات کے عمل کو تیز جائے اجلاس میں بیرونِ ملک دہشت گرد کمانڈرز اور ان کے مقامی سہولت کاروں کے خلاف فوری، سخت اور بھرپور کریک ڈاؤن کی منظوری دی گئی حکام کی جانب سے پیش کردہ بریفنگ میں واضح کیا گیا کہ دہشت گرد نیٹ ورکس کی فنڈنگ، روابط، تنظیمی ڈھانچے اور عالمی سطح پر سرگرمیوں کے مستند شواہد حکومت کے پاس موجود ہیں جنہیں اب باضابطہ طور پر بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر بھی پیش کیا جائے گا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین پر خون بہانے والے کسی بھی دہشت گرد کو دنیا کے کسی کونے میں چھپنے نہیں دیں گے۔ دہشت گردی میں ملوث اندرون و بیرون ملک ہر عنصر کے خلاف مؤثر، سخت اور غیر معمولی کارروائی ناگزیر ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ سیاسی لبادہ اوڑھے دہشت گرد تنظیموں کے بیرونِ ملک سربراہان اور کمانڈرز کا حقیقی چہرہ دنیا کے سامنے لانا ہماری ریاستی ذمہ داری ہے انہوں نے ہدایت کی کہ انسداد دہشت گردی کے نئے قوانین کے تحت کارروائیاں تیز کی جائیں اور تمام شواہد کو بین الاقوامی قانونی تقاضوں کے مطابق پیش کیا جائے وزیر اعلیٰ نے تمام حساس مواد اور مرتب کردہ ریکارڈ کو وفاقی حکومت کے ذریعے عالمی اداروں، عدالتوں اور متعلقہ فورمز پر پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر بھی دہشت گرد قیادت کا محاسبہ کیا جائے گا انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کا مکمل صفایا اب فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ دہشت گردی کے پیچھے غیر ملکی آقاؤں کے مقاصد بے نقاب ہو چکے ہیں بلوچستان مزید کسی بیرونی ایجنڈے کا شکار نہیں ہوگا ریاست پاکستان اور بلوچستان دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر سختی سے عمل کیا جائے گا اور آخری سہولت کار تک پیچھا جاری رہے گا بلوچستان کے امن، عوام کی حفاظت اور ریاستی وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور اعلیٰ سیکیورٹی حکام نے شرکت کی۔

## امن وامان کی صورتحال، ٹیکس وصولی میں دشواری کا سامنا ہے، حکومت بلوچستان

**7ویں این ایف سی ایوارڈ میں سیکورٹی پر 5 ارب خرچ ہوتے تھے جو 100 ارب سے تجاوز کرچکے**

ساجی شعبے اور عوامی فلاح وبہبود کے لیے قلیل رقم بچتی ہے، صوبائی ٹیم کا اجلاس میں موقف

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے این ایف سی ایوارڈ کے ابتدائی اجلاس کے شرکاء کو آگاہ کیا ہے کہ صوبے کو امن وامان کی ابتر صورتحال کے پیش نظر ریونیو اور ٹیکس کلیکشن میں دشواری کا سامنا ہے۔ جمعرات کو وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت ہونے والے این ایف سی ایوارڈ کے ابتدائی اجلاس میں وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشروانی اور ٹیکنیکل ممبر محفوظ علی خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان حکومت کی ٹیم نے شرکاء کو گزشتہ 15 سال کے صوبے کے مالی حالات، مسائل، اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ 7ویں این ایف سی ایوارڈ کے وقت صوبے میں امن وامان پر 5 ارب روپے خرچ کیے جاتے تھے جو اب 100 ارب روپے سے بھی تجاوز کر چکے ہیں۔ بلوچستان حکومت کے وفد نے شرکاء کو آگاہ کیا کہ بلوچستان میں امن وامان کی ابتر صورتحال کے باعث ریونیو اور ٹیکس کلیکشن میں مشکلات درپیش ہیں صوبے میں امن وامان پر خطیر رقم خرچ ہونے کے باعث سماجی شعبے اور فلاح وبہبود کے لیے قلیل رقم بچتی ہے۔ شرکاء کو آگاہ کیا گیا ہے کہ دہشتگردی کے تمام عناصر بلوچستان میں واضح ہیں جس کی وجہ سے صوبہ مشکلات کا شکار ہے۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ جنوری تک ورکنگ گروپس قائم کر کے باقاعدہ اجلاسوں کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ مزید فیصلے کیے جاسکیں۔

## مسیحی ملازمین کو کرسمس سے قبل تنخواہ ادا کی جائیگی

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق صوبہ بھر میں کرسمس کی تقریبات کی مناسبت سے مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے ملازم اور پنشنرز کو دسمبر کی تنخواہیں 22 دسمبر کو پیشگی ادا کیے جائیں گے۔

## نان فنکشنل اسکولوں کو فعال کرنے میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی سی کوئٹہ

**اجلاس میں کوئٹہ کے فنکشنل اور نان فنکشنل اسکولوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی**

کوئٹہ (پ ر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈائریکٹر BEMIS، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر سمیت متعلقہ محکموں کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ کے فنکشنل اور نان فنکشنل اسکولوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اور موجودہ صورتحال کا بھرپور جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کنٹریکٹ اساتذہ کی پوسٹنگ اور تنخواہوں سے متعلق امور پر بھی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے تمام نان فنکشنل اسکولوں کا مکمل تجزیہ کر کے انہیں جلد از جلد فنکشنل کرنے کی واضح ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ان اسکولوں کو فعال بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی تاکہ ضلع میں تعلیمی نظام کو بہتر اور مؤثر بنایا جاسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2/ Dated: 05 DEC 2025 Page No. 16

# منگی ڈیم کی تعمیر میں تاخیر، لاگت میں 3913 ملین سے زائد کا اضافہ

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اظہار تشویش

ڈیم جون 2022 میں مکمل ہونا تھا، اس کی تکمیل سے کوئٹہ کو یومیہ 8 ملین گیلن پانی فراہم ہوگا، سیکرٹری کی منصوبہ 2026 میں مکمل کرنیکی یقین دہانی

پی ایچ ای گوادر اور لسبیلہ ڈویژن نے 19-2018 میں واٹر ٹینکر سے پانی کی فراہمی پر 975 ملین روپے خرچ کیے، درست ریکارڈ دستیاب نہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس، منگی ڈیم منصوبے کی تکمیل میں تاخیر اور لاگت میں اضافے پر تشویش کا اظہار، 31 مارچ 2026 تک منصوبہ مکمل کرنے کی ہدایت، محکمہ پی ایچ ای کے مختلف ڈویژنز کی جانب سے 2019 20 تا 2021 22 کے دوران مختلف ٹھیکیداروں کو زیادہ ادائیگی کے باعث 64.131 ملین روپے کا نقصان، کمیٹی نے محکمہ کو اضافی ادائیگیوں کی وصولی یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت ہوا جس میں اراکین کمیٹی زابد علی ریکی، فضل قادر مندوخیل، غلام دستگیر بادینی، صفیہ بی بی، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری پی ایچ ای ہاشم غلزئی، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ شجاع علی، ایڈیشنل اکاؤنٹنٹ جنرل نور الحق، سیکرٹری ٹرانسپورٹ حیات کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری اسمبلی سراج لہڑی، چیف اکاؤنٹس افسر پی اے سی سید ادریس آغا اور ایڈیشنل سیکرٹری لاسعید اقبال نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی کارکردگی، ترقیاتی منصوبوں، مالی بے ضابطگیوں اور آڈٹ اعتراضات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ منگی ڈیم جون 2022 میں مکمل ہونا تھا جو تاحال نامکمل ہے۔ تکمیل کے بعد منگی ڈیم روزانہ 8 ملین گیلن پانی فراہم کرے گا جبکہ کوئٹہ شہر کی یومیہ ضرورت 60 ملین گیلن ہے اس وقت شہر میں زیادہ تر پانی زیر زمین وسائل سے حاصل کیا جارہا ہے۔ کمیٹی نے منصوبے کی تاخیر اور لاگت میں اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق منصوبے کی اصل لاگت 9,334.078 ملین روپے جبکہ نظرثانی شدہ لاگت 13,247.893 ملین روپے ہے اضافہ 3,913.815 ملین روپے ہے جو 42 فیصد زیادہ اور 2025 میں مزید بڑھ کر تقریباً 19800 ملین تک پہنچ گیا، کمیٹی کو محکمے کے سیکرٹری نے یقین دہانی کرائی کہ 31 مارچ 2026 تک منصوبہ مکمل کیا جائے گا۔ کمیٹی نے مذکورہ مدت میں منصوبہ مکمل کرنے کی ہدایت جاری کی۔ اجلاس میں یہ بات سامنے آئی کہ پی ایچ ای ڈویژن گوادر اور لسبیلہ نے 2018-19 میں 975.816 ملین روپے کی ادائیگیاں واٹر ٹینکرز کے ذریعے پانی کی سپلائی پر کی جس میں سے صرف ایک سال میں 956.989 ملین کی گوادر کے عوام کو ٹینکروں کے ذریعے پانی مہیا کی گئی جبکہ اس بارے میں ریکارڈ، ڈلیوری شیڈول، تصدیقی تفصیلات اور ایم بی کی درستگی دستیاب نہیں۔ کمیٹی نے واضح کیا کہ اگلے اجلاس میں تمام ریکارڈ فراہم نہ کرنے کی صورت میں یہ معاملہ نیب کو بھیج دیا جائے گا۔ کمیٹی نے واضح کیا کہ محکمہ پی ایچ ای تمام منصوبوں کی تفصیلات، مالی ریکارڈ، ادائیگیوں اور آڈٹ اعتراضات پر 10 دن کے اندر مکمل ریکارڈ آڈیٹر جنرل کو فراہم کرے، وصولیاں جلد از جلد یقینی بنائی جائیں، ترقیاتی منصوبوں خصوصاً منگی ڈیم کو جون 2022 کو مکمل ہونا تھا اب مقررہ مدت مارچ 2026 میں مکمل کیا جائے۔ کمیٹی نے واضح کیا کہ مالی بے ضابطگیوں پر موثر کارروائی کی اور ذمہ داران کے خلاف سخت اقدامات اٹھائے جائینگے۔

اجلاس میں کمپلائنس رپورٹ پر بھی تفصیلی بات چیت اور دوسری نشست میں محکمہ ٹرانسپورٹ کے آڈٹ پیراز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

## کمشنر سے انجمن تاجران کے وفد کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

تاجر معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، مسائل حل کیے جائینگے، شاہ زیب کاکڑ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ سے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ کی قیادت میں تاجروں کے ایک وفد نے ملاقات کی وفد میں میر یسین مینگل، عمران ترین، سعد اللہ اچکزئی، ظفر کاکڑ، سید آفتاب آغا، نعمت آغا، کلیم ترین اور دیگر شامل تھے وفد نے کمشنر کو جناح روڈ، قندھاری بازار، لیاقت بازار، عبدالستار روڈ کو نو پارکنگ زون قرار دینے سے ان علاقوں میں واقع دکانداروں کی مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا پارکنگ نہ ہونے کی وجہ سے گاہک خریداری کیلئے نہیں آتے جس کی وجہ سے دکانوں کا کرایہ ادا کرنا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ وفد نے کمشنر کو بتایا کہ کوئٹہ شہر میں میونسپل کارپوریشن کی 700 سے زائد دکانیں ہیں جہاں تاجر اپنا کاروبار کرتے ہیں لیکن میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نے اچانک دکانوں کے کرایوں میں کئی ہزار گنا اضافہ کردیا جو ادا کرنا تاجروں کے بس کی بات نہیں، وفد نے کمشنر کوئٹہ سے اپیل کی کہ تاجروں سے صفائی کے نام پر پیسے لینے اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے کرایوں میں بے تحاشہ اضافے کے فیصلے واپس لیے جائیں زرغون روڈ اور ائیرپورٹ روڈ پر قائم چیک پوسٹوں فوری ختم کیا جائے چیک پوسٹوں کی وجہ سے سارا دن ٹریفک جام رہتا ہے کمشنر نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ تاجر ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ان کے مسائل حل کیے جائیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

# این ایف سی اجلاس، ایف بی آر نے ٹیکس وصولی کا 5 فیصد صوبوں کو دینے کی مخالفت کردی

وسائل کی تقسیم پر ورکنگ گروپ بنانے کا فیصلہ، وفاق نے صوبوں سے اخراجات کی تفصیلات مانگ لیں، سندھ کا فراہم کرنے سے انکار

وفاق اور صوبوں کے درمیان وسائل کی تقسیم اور ٹیکس وصولی کے معاملے پر ورکنگ گروپ قائم کرنے کیلئے اتھارٹی جنرل سے رائے لینے کا فیصلہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) 11 ویں این ایف سی اجلاس میں وسائل کی تقسیم پر ورکنگ گروپ قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، وفاق نے مالی مطالبات کی بجائے صوبوں سے اخراجات کی تفصیلات مانگ لیں جس پر سندھ نے تفصیلات دینے سے انکار کردیا، ایف بی آر نے ٹیکس وصولیوں کا 5 فیصد صوبوں کو دینے کی مخالفت کردی۔ ذرائع کے مطابق جمعرات کو وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی سربراہی میں 11 ویں قومی مالیاتی کمیشن کا افتتاحی اجلاس ہوا جس میں سندھ اور خیبر پختونخوا کے وزرائے اعلیٰ بطور صوبائی وزیر خزانہ جبکہ بلوچستان اور پنجاب ......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کے وزرائے خزانہ اور پرائیویٹ ارکان شریک ہوئے۔ قومی مالیاتی کمیشن کے اجلاس میں وزارت خزانہ کی جانب سے وفاقی مالی معاملات پر بریفنگ دی گئی، جس کے بعد چاروں صوبوں کی جانب سے بھی صوبائی مالی صورت حال پر اجلاس کے شرکا کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان وسائل کی تقسیم کے لیے ورکنگ گروپ قائم کیا جائے، صوبوں میں ٹیکس وصولی کے معاملے پر بھی ورکنگ گروپ قائم ہوگا، سابق فاٹا کے خیبر پختونخوا میں انضمام اور فنڈز کے تعین پر گروپ بنے گا۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان وسائل کی تقسیم کے معاملے پر اٹارنی جنرل سے رائے لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ وفاقی حکومت نے مالی مطالبات کے بجائے صوبوں سے اخراجات کی تفصیلات مانگ لیں تاہم این ایف سی اجلاس میں سندھ نے وفاق کو اخراجات کی تفصیل دینے سے انکار کردیا، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے موقف پیش کیا کہ یہ ریونیو کا فورم ہے اخراجات کا نہیں ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے فی الحال صوبوں کے فنڈز میں کٹوتی کی بات نہیں کی مگر ایف بی آر نے ٹیکس وصولیوں میں سے 5 فیصد صوبوں کو دینے کی مخالفت کردی۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
MASHRIQ QUETTA
Ballet No 2
Dated 05 DEC 2025 Page No 17

# معاشی وسماجی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بدعنوانی ہے، ڈی جی نیب

ادارہ میگا کیسز پر توجہ مرکوز، غیر ضروری شکایات سے گریز کو ترجیح دے رہا ہے تاکہ دیرپا ترقی کے اہداف حاصل کئے جاسکیں: نعمان اسلم

حکومت، عوام، تعلیمی اداروں اور میڈیا سب کی مشترکہ ذمہ داری کہ وہ کرپشن کے خلاف متحد ہو کر کھڑے ہوں

بدعنوانی سے نفرت، شارٹ [illegible] زندگی میں دیانت داری اپنائیں، نیب بلوچستان کمپلیکس میں سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) قومی احتساب بیورو (نیب) بلوچستان کے زیر اہتمام چیئرمین نیب لیفٹیننٹ (ر) نذیر احمد بٹ کی ہدایات کی روشنی میں عالمی یوم انسداد بدعنوانی 2025ء کے سلسلے میں نیب بلوچستان کمپلیکس میں ایک سیمینار اور آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا، جس میں مختلف جامعات کے اساتذہ، طلبہ، مقابلوں میں پوزیشن حاصل کرنے والے، نیب کے سینئر افسران اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر دشتی اور سیکرٹری ریونیو ویندر لعل بھی اس تقریب میں شریک تھے۔ ڈی جی نیب بلوچستان نعمان اسلم نے خطاب ......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کرتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی معاشی وسماجی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے اور اداروں پر عوام کے اعتماد کو کمزور کرتی ہے۔ انہوں نے چیئرمین نیب کے وژن کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ادارہ میگا کیسز پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے غیر ضروری شکایات سے گریز کو ترجیح دے رہا ہے تاکہ پاکستان کی دیرپا ترقی وخوشحالی کے اہداف حاصل کئے جا سکیں۔ انہوں نے زور دیا کہ عالمی یوم انسداد بدعنوانی اس بات کی یاد دہانی ہے کہ حکومت، عوام، تعلیمی اداروں اور میڈیا سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ وہ کرپشن کے خلاف متحد ہو کر کھڑے ہوں۔ ڈی جی نیب نے ایک اہم کامیابی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ نیب بلوچستان اور بورڈ آف ریونیو بلوچستان کے باہمی تعاون سے ایک ملین ایکڑ (10 لاکھ) سے زائد سرکاری جنگلات کی اراضی محکمہ جنگلات کے نام منتقل کی گئی، جس کی مالیت 1.3 کھرب روپے سے زائد ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اراضی کی اس تاریخی واگزاری کی مثال بلوچستان کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ اس شاندار کارکردگی پر چیئرمین نیب اور وزیر اعلیٰ بلوچستان نے نیب بلوچستان اور حکومت بلوچستان کی ٹیم کو خصوصی سراہا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے باضابطہ خط کے ذریعے ڈی جی نیب بلوچستان نعمان اسلم اور کیس آفیسر ڈپٹی ڈائریکٹر ملک وحید احمد کی پیشہ ورانہ مہارت اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ چیئرمین نیب نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر دشتی اور سیکرٹری ریونیو ویندر لعل کی خدمات کو بھی سراہا، جبکہ دونوں افسران نے تقریب میں شرکت کی اور ڈی جی نیب سے اعزازی اسناد وصول کیں۔ ڈی جی نیب نے نوجوانوں کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ جامعات مستقبل کے دیانتدار، باصلاحیت اور وژنری رہنماؤں کی تیاری کے مراکز ہیں۔ آج کے طلبہ کل کے پالیسی ساز اور قومی ذمہ داریاں سنبھالنے والے پیشہ وران ہیں اپنی موجودہ دیانت داری سے ہی وہ پاکستان کا مستقبل طے کریں گے۔ تقریب میں آگاہی واک کے علاوہ مباحثہ، مضمون نویسی، آرٹ اور شارٹ فلم مقابلوں کے نمایاں شرکاء کو خصوصی طور پر سراہا گیا۔ ڈی جی نیب بلوچستان نے شرکاء اور مقابلوں کے تمام فاتحین کو مبارکباد پیش کی اور ان کی تخلیقی کاوشوں کو سراہا۔ تمام جیتنے والے اور رنر اپ شرکاء میں انعامات اور تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں

## گورگو کالج پنجگور کیس: بے ضابطگیوں کی تحقیقات مزید وسیع

شواہد کی بنیاد پر سابق ایس ڈی او اربن پلاننگ و ڈویلپمنٹ گرفتار، شامل تفتیش

کیس کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جارہی ہیں، ترجمان اینٹی کرپشن

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) محکمہ انسداد بدعنوانی بلوچستان نے گورگو کالج پنجگور کیس میں کارروائی کرتے ہوئے اربن پلاننگ اور ڈویلپمنٹ کے منصوبے میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات کو مزید وسعت دے دی ہے۔ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے حکومت ......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ترقیاتی اسکیموں میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کے مخصوص منصوبے میں بڑے پیمانے پر تحقیقات شروع کر رکھی ہیں۔ مورخہ 4 دسمبر 2025ء کو ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر جاری تحقیقات کے دوران یہ شواہد سامنے آئے کہ منصوبے میں غیر معیاری تعمیراتی کام، فنڈز میں خورد برد، جعلی اندراجات اور غیر قانونی منظوریوں سمیت متعدد بے ضابطگیاں پائی گئی ہیں۔ تحقیقات کے دوران موصول شواہد کی بنیاد پر، مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد سابق ایس ڈی او اربن پلاننگ وڈویلپمنٹ/ ٹاؤن پلاننگ آفیسر لوکل گورنمنٹ، نصیر احمد کو بھی تفتیش میں شامل کرتے ہوئے باقاعدہ گرفتار کرلیا گیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 05 DEC 2025

Page No. 18

# تعلیمی شعبے کی بہتری کیلئے بھرپور تعاون کریں گے، ڈاکٹر عبدالمالک

نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر نے کمشنر مکران و دیگر افسران کے ہمراہ اسکولوں میں اساتذہ و طلباء کے مسائل سنے، حل کی یقین دہانی

لیبارٹری، امتحانی ہال، لیب اور گراؤنڈ کا معائنہ، خواہش ہے صوبے میں تعلیم کا شعبہ مزید ترقی کرے، سابق وزیراعلیٰ

تربت (نمائندہ انتخاب) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان، رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کمشنر مکران قادر بخش پرکانی اور دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائی اسکول تربت اور گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول تربت کا تفصیلی دورہ کیا، ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز غفور دشتی، ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر تربت سٹی ڈیولپمنٹ پروجیکٹ بہرام کچکی، پروجیکٹ انجینئر تربت ڈیولپمنٹ پروجیکٹ قاسم کچکی، اسسٹنٹ

بقیہ نمبر 77 صفحہ 5 پر

ڈائریکٹر محکمہ اطلاعات آصف بلوچ، پی ایس کمشنر مکران ناصر حسین، نیشنل پارٹی کے میڈیا سیکرٹری حنیف علی بخش، جمال بلوچ سمیت دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے، گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائی اسکول پہنچنے پر اسکول کی وائس پرنسپل ثمینہ رحمن نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور کمشنر مکران کا پرتپاک استقبال کیا، اس موقع پر وائس پرنسپل نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ ضلع کیچ کا خواتین کے لیے سب سے بڑا سرکاری تعلیمی ادارہ ہے، جہاں ضلع کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی طالبات تعلیم حاصل کر رہی ہیں انہوں نے بتایا کہ اس وقت اسکول میں 82 کے قریب اساتذہ تعینات ہیں جبکہ طالبات کی تعداد تقریباً 820 ہے، انہوں نے امتحان ہال کی مرمت، اسکول کے صحن میں شیڈ ہال لگانے، اسکول کی سولرائزیشن اور اینڈمنٹ کے بجٹ میں اضافے کے مطالبات بھی پیش کیے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے ہدایت دی کہ تمام ضروریات کی فہرست تحریری صورت میں بھی فراہم کی جائے تاکہ ان منصوبوں کو تربت سٹی ڈیولپمنٹ پروجیکٹ اور صوبائی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جاسکے، انہوں نے اسکول کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے کمشنر مکران اور ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر ٹی سی ڈی پی سے بھی صلاح و مشورہ کیا، بعد ازاں انہوں نے اسکول کی لیبارٹری، کمپیوٹر روم، امتحان ہال اور کلاس رومز کا دورہ کیا اور طالبات سے تعلیم کے حوالے سے گفتگو بھی کی، اس موقع پر ٹریننگ مکمل کرنے والی اساتذہ میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے، بعد ازاں سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول تربت کا بھی دورہ کیا، جہاں اسکول کے پرنسپل اکبر اسماعیل، اساتذہ اور طلبہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا، پرنسپل نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ ضلع کیچ کا سب سے قدیم تعلیمی ادارہ ہے، جس کی بنیاد 1945 کے قریب رکھی گئی جبکہ موجودہ عمارت 1954 سے قائم ہے، انہوں نے بتایا کہ اسکول میں اس وقت تقریباً 1507 طلبہ زیر تعلیم ہیں جبکہ تدریسی عملے کی تعداد 54 ہے، پرنسپل نے پارکنگ شیڈ کی تعمیر، بجلی کے نظام کی بہتری کے لیے ٹرانسفارمر کی فراہمی اور طلبہ کے لیے واٹر ڈسپنسر کی فراہمی کے مطالبات بھی رکھے، دورے میں ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بوائز اسکول میں قائم لیبارٹری، امتحان ہال، کمپیوٹر لیب اور زیر تعمیر فٹسال گراؤنڈ کا بھی معائنہ کیا، انہوں نے ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر بہرام کچکی سے کلاس رومز، واش رومز کی مرمت اور اسکول میں پانی کی فراہمی کے لیے انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینک کی تعمیر پر تبادلہ خیال کیا، انہوں نے اسکول میں قائم ڈسپنسری کا بھی دورہ کیا اور عملے سے ملاقات کر کے ان کے مسائل دریافت کیے، دورے کے اختتام پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ گورنمنٹ گرلز اور بوائز ماڈل ہائی اسکول تربت نے ضلع کیچ میں تعلیم کے فروغ کے لیے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ ادارے آئندہ بھی تعلیمی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے رہیں گے، انہوں نے دونوں اسکولوں کی انتظامیہ کو یقین دہانی کرائی کہ درپیش مسائل کے حل کے لیے وہ ذاتی طور پر اپنی کوششیں جاری رکھیں گے تاکہ ضلع کیچ سمیت پورے بلوچستان میں تعلیم کا شعبہ مزید ترقی کر سکے۔

# لوگوں کو بے روزگار کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے، پشتونخوا نیپ

کوئٹہ کے موٹر شورومز، پارکنگ ایریاز اور گوداموں پر چھاپے معاشی قتل ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ پریس ریلیز میں کسٹم، ایف سی، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کی جانب سے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں موٹر شورومز، گوداموں اور گاڑیوں کی پارکنگ ایریاز پر غیر قانونی چھاپوں کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی سرپرستی میں کیے جانے والے یہ اقدامات عوام کے معاشی قتل عام کے مترادف ہیں

بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

ان اقدامات کے ذریعے عوام کو معاشی طور پر کمزور کر کے انہیں بے روزگار بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے جو ایک انتہائی افسوسناک اور المناک عمل ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ایک جانب ڈیورنڈ لائن پر تجارت مکمل طور پر بند ہے، جبکہ چمن ویش بارڈر پر گزشتہ دو سال سے زائد عرصے سے دھرنا جاری ہے۔ اسی طرح ڈیورنڈ لائن کے دیگر راستوں پر بھی تمام تجارتی سرگرمیاں معطل ہیں۔ بیان میں وفاقی حکومت اور اس کے ماتحت اداروں خصوصاً کسٹم، ایف سی، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ غیر قانونی چھاپوں سے مکمل اجتناب کریں اور عوام کو روزگار کا آئینی و قانونی حق فراہم کریں تاکہ معاشی بدحالی کے شکار لوگ مزید مشکلات کا شکار نہ ہوں۔

# بڑے بجلی چوروں کیخلاف بھی کارروائی کی جائے، ہدایت الرحمن بلوچ

رکن اسمبلی کی چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو یوسف شاہ سے گفتگو، ریلیف دینے کیلئے دورہ گوادر کا خیر مقدم

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے گوادر کے دورے پر آئے ہوئے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو بلوچستان یوسف شاہ خان سے ملاقات کی اور ان کو خوش آمدید کہا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے چیف کیسکو کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضلع گوادر میں بجلی کے نظام کی درستگی کے لئے ذاتی طور پر ضلع گوادر کا دورہ کر کے عوام کو ریلیف

بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

دینے کی کوشش کر رہے ہیں جس کی ہم گوادر عوام کی طرف سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اجلاس میں کیسکو کی پورے وفد کے ساتھ نشست میں ایم پی اے گوادر نے بجلی کے مسائل جن میں تاروں کا گرنا، لوڈشیڈنگ، ٹرانسفارمر کے مسائل اور نمی سے تاروں کو محفوظ رکھنے سے متعلق گفتگو کی۔ چیف کیسکو نے مولانا ہدایت الرحمن سے درخواست کی کہ آپ عوام کو بجلی کے بل ادا کرنے کیلئے راغب کریں تاکہ عوام کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی جاری رکھا جا سکے۔ جس پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ میں اپنے عوام کو بجلی کے بل ادائیگی کے لئے ضرور راغب کروں گا لیکن آپ لوگ بھی عام عوام کے خلاف کارروائی سے پہلے بڑے نادہندہ اداروں بڑے بجلی چوروں اور کمپنیوں کے خلاف بھی کارروائی کریں تاکہ اس متعلق عوام کا اعتماد بحال ہو۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 05 DEC 2025 Page No. 19

## منگچر، قومی شاہراہ کے قریب سے 3 لاشیں برآمد

### زہری قبیلے سے تعلق، آپس میں کزن بتائے جاتے ہیں، ذرائع

منگچر (آن لائن) خالق آباد منگچر بدرنگ ایریا سے قومی شاہراہ کے قریب 3 افراد کی لاشیں برآمد، فائرنگ کر کے ہلاک کیا گیا، پولیس ذرائع کے مطابق.........

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس کو اطلاع ملی کہ بدرنگ قومی شاہراہ کے قریب لاشیں پڑی ہیں جنہیں مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا جن کے جیبوں سے برآمد ہونے والے شناختی کارڈز پر ان کے نام خدا بخش سکنہ جوہان، ضمیر احمد سکنہ خالق آباد منگچر اور برکت خان سکنہ کشان درج ہے

INTEKHAB QUETTA

## حب، مسلح گروہوں میں تصادم کے نتیجے میں 3 افراد زخمی

حب (نمائندہ انتخاب) حب رند مارکیٹ کے قریب دو مسلح گروہوں میں تصادم کے نتیجے میں 3 افراد زخمی ہو گئے ایک موقع سے فرار ہو گیا، معاملہ گاڑی کی رقم کی لین دین کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے پولیس معاملے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ جمعرات کی شام کو حب شہر میں رند مارکیٹ کے قریب دو مسلح گروہوں کے مابین فائرنگ کے تبادلے میں تین نوجوان جنکے نام ظفر، اکبر اور گہرام عرف راجہ بتائے جاتے ہیں گولیاں لگنے سے زخمی ہو گئے زخمیوں کو فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

پولیس ذرائع بتاتے ہیں کہ دونوں مسلح گروہوں کے مابین گاڑی کے حوالے سے رقم کی لین دین پر تکرار ہوا تھا جسکے بعد ایک دوسرے پر فائر کھول دیے پولیس ذرائع کے مطابق انکا ایک ساتھی موقع سے فرار ہو گیا ہے پولیس ذرائع کے مطابق زخمیوں کا تعلق سندھ بلوچستان کے سرحدی علاقوں جیکب آباد، ڈیرہ مراد جمالی اوستہ محمد سمیت حب سے بتایا جاتا ہے تاہم پولیس معاملے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے اور زخمیوں کو پولیس کی زیر نگرانی رکھا جا رہا ہے۔

## پنجگور میں فائرنگ کے واقعات، دو افراد زخمی، موٹر سائیکل چھین لی گئی

### شاپاتان میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پیار علی ساکن لاڑکانہ سندھ زخمی ہو گیا، پولیس

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور میں مختلف واقعات میں دو موٹر سائیکلیں چھین لی گئیں ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے خدابادان میں گن پوائنٹ پر عبدالحکیم نامی شخص سے ہنڈا 125 موٹر سائیکل چھین لی گئی دریں اثناء سریکوران میں مسلح افراد نے موٹر سائیکل سوار پر فائرنگ کر دی جس سے سوار مبارک ولد سہراب زخمی ہو گیا ملزمان شہری سے نقدی اور دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے۔ علاوہ ازیں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 5 پر

پولیس کے مطابق شاپاتان میں فائرنگ سے ایک شخص پیار علی ولد افرا زخمی ہو گیا جس کا تعلق لاڑکانہ سندھ سے بتایا جاتا ہے۔

## ڈھاڈر میں لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر دو شہری زخمی

بولان (این این آئی) ڈھاڈر میں ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر فائرنگ سے دو افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق جمعرات کو ڈھاڈر میں نامعلوم افراد نے سید اکرم شاہ اور سید عباس شاہ کو لوٹنے کی کوشش کی مزاحمت پر ملزمان نے فائرنگ کر کے دونوں کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔

## خضدار کے علاقے زہری سے نوجوان کی لاش برآمد

خضدار (یو این اے) تحصیل زہری ایریا سے نوجوان کی لاش برآمد ہوئی ہے پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ضابطے کی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا ہے

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: INTEKHAB QUETTA
5
Dated: 05 DEC 2025
Page No. 20

# کوئٹہ میں غیر اعلانیہ گیس بندش سے صارفین کو مشکلات کا سامنا

## رات 12 بجے تک فراہمی کے دعوے بھی دھرے کے دھرے رہ گئے، حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں سوئی گیس کمپنی کے رات 12 بجے تک گیس کی فراہمی کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے شدید سردی میں شہر کے مختلف علاقوں میں رات ساڑھے 10 بجے کے بعد گیس پریشر میں کمی اور بندش روز کا معمول ہے شہری شدید مشکلات سے دو چار ہیں۔ حکومت اور ارباب اختیار کی جانب سے گیس کی بندش کا نوٹس نہیں لیا گیا اور نہ ہی کمپنی کو شدید سردی میں گیس کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے پابند بنایا گیا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کوئٹہ اور صوبے کے سرد علاقوں میں گیس کی بلاتعطل فراہمی ممکن نہیں بنائی جا رہی جس کی وجہ سے بزرگ شہریوں، بچوں اور خواتین کو سردی سے بچنے اور خواتین

بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر

کو امور خانہ داری میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے شہری ایل پی جی گیس خرید کر سردی سے بچنے اور کھانا بنانے پر مجبور ہیں بڑھتی ہوئی مہنگائی گیس سمیت انٹرنیٹ کی بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت فوری طور پر اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے سوئی سدرن گیس کمپنی کو رات 12 بجے تک بلاتعطل پریشر کے ساتھ گیس کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں تاکہ لوگوں کو اس سے چھٹکارا مل سکے۔ کیونکہ کوئٹہ اور شمالی علاقوں میں شدید سردی ہے اور درجہ حرارت منفی 5 سے 6 سینٹی گریڈ تک گر چکا ہے ان حالات میں شہریوں کو گیس اپنی زندگی بچانے کیلئے چاہئے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
6 Daily: MEEZAN QUETTA 21
Bullet No. 05 DEC 2025 Page No.

# ٹریفک کی روانی اور شہریوں کی سہولت اولین ترجیح!

اس وقت صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک کی روانی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے جو حل ہونے کی بجائے دن بدن بڑھتا جا رہا ہے۔ جو کہ بلاشبہ عوام کے لیے مشکلات کا باعث ہے۔ ٹریفک کی بحالی کے حوالے سے اس سے قبل بھی ان ہی سطور میں بارہا مرتبہ ذکر کیا جا چکا ہے اور اس سلسلے میں تجاویز بھی دی گئی ہیں لیکن اس کے باوجود یہ مسئلہ جوں کا توں ہے جو کہ باعث تشویش ہے۔

گذشتہ روز کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب کاکڑ کی زیرصدارت کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کی بہتری کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ، ڈائریکٹر انجینئرنگ بیوزو، سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹکل کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو بتایا گیا کہ شہر میں ٹریفک مینجمنٹ گرین بس روٹ، رش کے اوقات میں ٹریفک کنٹرول، چنگچی رکشوں پر پابندی اور غیر قانونی رکشوں کے خلاف کاروائی کے حوالے سے اقدامات جاری ہیں۔ ٹریفک نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے رکشوں کے حوالے سے نئی پالیسی مرتب کی جا رہی ہے۔ گرین بس کے روٹ کو کچلاک تھانے سے سونا خان تھانے تک توسیع دی جائے گی۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ ٹریفک کی روانی اور شہریوں کو بہتر سفر کی سہولیات حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اس لیے تمام ادارے اپنے اقدامات میں تیزی لائیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جو بلاشبہ بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے میں ٹریفک کی روانی میں مشکلات ایک تشویش ناک بات ہے۔ اور اس سلسلے میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی زیرصدارت ہونیوالے اجلاس میں اہم فیصلے اور متعلقہ اداروں کو اس سلسلے میں اقدامات کرنے کی ہدایت اس صورت میں عوام کی بہترین مفادات میں کامیاب ہونگے، جب متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے ان کو پورا کریں گے کیونکہ ٹریفک کی روانی میں مشکلات کی کئی وجوہات ہیں۔ جن میں سب سے بڑی وجہ ناجائز تجاوزات ہے جبکہ دوسری جانب ٹریفک کا پلان کے مطابق نہ چلنا، رکشوں اور موٹر سائیکلوں کے ساتھ چنگچی رکشوں کا ایک نیا اضافہ، گدھا گاڑیاں اور ریڑھیوں کا سڑکوں کے درمیان میں کھڑا ہونا بھی شامل ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سڑکوں کا تنگ اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونا ایک وجہ ہے۔ اس میں ایک اور بات کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ ٹریفک کی روانی کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات میں ٹریفک اہلکاروں کے کردار کو بھی بہتر کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ ان میں اکثر میں ٹریننگ کا فقدان ہوتا ہے وہ صحیح طریقے سے ڈیوٹی سرانجام نہیں دیتے۔ وہ جب گاڑیوں کی چیکنگ کرتے ہیں تو ان سڑک کے درمیان میں روک کر پوچھ گچھ کرتے ہیں اس عمل سے پیچھے آنے والی گاڑیوں کی قطار لگ جانے سے ٹریفک جام ہو جاتی ہے۔ ان کو گاڑیوں کو سائیڈ پر لگا کر چیکنگ کرنی چاہیئے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ مذکورہ تجاویز پر پوری طرح عمل درآمد کیا جائے اسی صورت میں ٹریفک روانی میں رکاوٹ کا گھمبیر مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 05 DEC 2025 Page No. 22

# Mounting Thalassemia patients

Rise in the Thalassemia cases has been witnessed in Balochistan during the last few years. Available data suggests that 0.1 million children are suffering from this disease in Pakistan at present, while another five thousand children are being diagnosed with this disease every year. The health experts are continuously suggesting proper legislation in this connection to diminish the hazard of inherited disease. Unfortunately, Pakistan is among the highest Thalassemia burden countries in the world. The commonly quoted figure for the country is 100,000 transfusion-dependent Thalassemia patients. In the absence of a coherent national policy and strategic plan, the number of Thalassemics in the country is believed to be increasing, but the exact burden of the disease is yet to be ascertained. As a result, despite being a preventable blood disorder, Thalassemia in Pakistan continues to increase in number and causes misery to the patients and their families. In Pakistan, it is estimated that about 2.7 million blood donations are collected every year out of which about a fourth are believed to be consumed by the Thalassemia patients. Thalassaemia is a nightmare for most of the people in Balochistan. People from various areas of Balochistan visit the Thalassaemia care city centre. A recent report indicated that around 13 percent of Turbat's population is affected by Thalassaemia, one of the highest rates anywhere in the region. People from the distinct areas of Mastung, Pishin, Kalat, Kharan, Nushk visit this centre for the sole purpose of seeking treatment. There are more than 2000 cases of Thalassaemia major registered in Quetta. Only two hospitals of Thalassaemia centers in the District at Quetta's Civil Hospital and at the Bolan Medical Complex. On a daily basis more than 60 children are given blood at two centres, and there is a need for more centers to make it easy for patients to get blood. As a Nation we ought to commit ourselves that we will not hesitate in donating blood for saving lives of Thalassemic children and will raise awareness among the people in this connection. Likewise, it is also important to get tests of Husband and wife before marriage to curtail the ratio of Thalassemia.

It is essential that we as a nation must come forward and help entities who are working to save and maintain the lives of Thalassemic Children by assisting them either financially or by donating blood for them in order to sustain and maintain the quality of life of Thalassemic Children.It is imperative Balochistan, in collaboration with the federal government, to acknowledge the suffering of children and take substantial measures to support and facilitate them.